فلم انڈیا کارپوریشن کا تحفہ

Music By Khayyam

لالہ رخ کے گانے

लाला रुख

اداکار: شیاما، طلعت محمود، جگدیش وغیرہ

پبلشرز

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(قیمت چھ نئے پیسے)

لالہ رخ کے گانے معہ کہانی

شاہ مراد نوزآباد کا شہنشاہ تھا۔ وہ اکثر بھیس بدل کر رعایا کا حال دیکھنے شہر میں گھوما کرتا تھا۔ ابوالحسن ایک مجبور انیک دل انسان تھا۔ وہ ایک روز شاہزادہ کو مل گیا۔ شاہ نے اس کو اپنا مصاحب بنا لیا اور اپنی کنیز ماہ پارہ سے اس کی شادی کر دی۔

آگے پردہ پر۔

نمبر (۱) حسن ہے کلی کلی کے لب پہ تیرے حسن کا فسانہ
مرے گلستاں کا سب کچھ تمہارا صرف مسکرانا
یہ کھلی کھلی سے گیسو اٹھے جیسے بدلیاں سی
یہ جھکی جھکی نگاہیں گریں جیسے بجلیاں سی
ترے ناچتے قدم میں ہے بہار کا خزانہ
ترا جھولنا تھرکنا یہ نظر بدل بدل کے
مرا دل دھڑک رہا ہے تو لچک سنبھل سنبھل کے
کہیں رک نہ جائے ظالم اسی موڑ پر زمانہ
ہے کلی کلی ۔۔۔

نمبر (۲) اجنبی۔ محبت بنائے محبت مٹائے
محبت کسی دن جدا ہی نہ جائے
محبت ہے مجبور رحم بھی ہو ستم بھی۔ محبت کرم بھی محبت ستم بھی!
تھی ایک شاہزادی بڑی کا خوبصورت

زمیں پہ اتر آئی تھی حورِ جنت
جواں جسم میں سو طرح کے نظارے
حسیں مست آنکھوں میں چمکے ستارے
ہائے ہم جدا

وہ لمبا سا قد وہ لچکتی سی بانہیں گنہگار کرتی تھیں نیچی نگاہیں
بہکتے تھے جواب گالی گلابی، بہک دیتے تھے جام جیسے نشرا
نظر میں تقاضے لبوں پر بہانے چلی وہ کسی کا مقدر جگانے
اچانک فقیر اک نصیبوں کا مارا
نظر آ گیا جیسے بادل میں تارا
نگاہیں ملیں آرزو مسکرا دی، محبت نے سوئی تمنا جگا دی!
اتنا سنتے آخر انہیں رونا پڑا، دیکھ ستم ہل کے جدا ہونا پڑا
خوابوں کی جنت لٹ گئی رستہ میں الفت لپٹ گئی
وہ دلربا شمع حیا جلنے لگی فریاد میں قاتل ہنسی ڈھلنے لگی
آنکھوں سے جادو اڑ گیا نظروں سے نشتر گیا
گیسو پریشاں ہو گئے مرنے کے ساماں ہو گئے
سینے میں ہر دم آہ کی تلوار چلنے لگی وہ دلربا...
وہ مجبور قسمت سے بازی لگانے لہو سے چراغ تمنا جلائے
مخالف ہواؤں سے ٹکرا رہا تھا اندھیرے میں بڑھتا چلا جا رہا تھا
محبت نے زخمی لبوں سے دعا دی اپنے دل جاں اسی پر گنوا دی
گھٹا لکھ گئی آنسوؤں نے خوں برس کر اسے آ گیا صبر وہ دل نرس کر
نمبر (۳) پیاس کچھ اور بڑھا دی جھلک دکھلا کے
تجھ کو پردہ رخ روشن سے ہٹانا ہوگا
لالہ رخ: اتنی گستاخ نہ ہو عشق کی آوارہ نظر ـــــــ!

حسن کا پاس نگاہوں کو سکھانا ہوگا

حسنی ۔ چاند تاروں کو میسر ہے نظارہ تیرا
میری بیتاب نگاہوں سے یہ پردہ کیسا

پرُدخ ۔ چاند آئینہ مرا تارے مرے نقش قدم
تجھ کو آنکھ ملانے کی تمنا کیوں ہے ؟

حسنی ۔ تجھ کو دیکھا تجھے چاہا تجھے پوجا میں نے
بس یہی عشق ہوا میری خطا کیا ہوگی ؟

پالارُخ ۔ یہ نے اچھا کیا گھبرا کے جو منہ پھیر لیا
اس سے کم دل کے تڑپنے کی سزا کیا ہوگی ؟

سرا، اداس اداس فضاؤں میں نور چھلکاؤ
بجھے بجھے ہوئے تاروں کو ہنس کے چمکاؤ
غرور حسن سلامت نہ راہ دکھلاؤ
آنا ہی پڑے گا ۔ سر عشق کے قدموں میں جھکانا ہی پڑے گا

نغمہ مرا ہر سانس میں رس گھول رہا ہے
اس سانس کے پردے میں خدا بول رہا ہے
چھیڑا ہے اگر ساز تو گانا ہی پڑے گا ۔
بیچے گا تو درد بنے راگ سے کب تک
کھیلیگی تری مست ادا آگ سے کب تک
اس کھیل میں اب ہاتھ جلانا ہی پڑے گا
ہمت کبھی دنیا سے ڈرے گی نہ ڈری ہے
سمدوں کی جوانی سے سدا مانگ بھری ہے
ہنسنے کے لئے زخم تو کھانا ہی پڑے گا ۔

لالہ رخ - الوداع جانِ وفا تیرا نگہبان خدا
پھول سے خوشبو اڑی تجھ سے ہوئے ہم جدا
دل میں تیری یاد لئے آنکھوں میں تری پرچھائیاں
جائیں جگر بیٹھے جہاں ڈستی ہیں تنہائیاں
مل کے کہاں تو چھپ گیا کون بتائے پتا ؟
کہاں گئے ہم تو ٹھوکریں نہ بھٹکیں گے ہم اب عمر بھر
منزل پہ پہنچے اگر ختم نہ ہوگا سفر
جب سے تیرا ساتھ چھوٹا بھول گئے راستہ
نمبر (۴) لے جا میری دعائیں دامن چھڑانے والے
تڑپا کے جانے والے !
کرتی ہے تجھ کو قسمت جلاد کے حوالے
فرقت کا درد لے کر شادی کی رات آئی
گھر لے کے خوشی کا غم کی برات آئی
اپنا بنا کے چھوڑا نظریں چرانے والے تڑپا کے...
دل چومتا ہے کانٹے پھولوں کی دوستی میں
سو بار موت آئی دو دن کی زندگی میں
دامن پکڑ ہی لیں گے مجبور دل کے نالے
تڑپا کے...
نمبر (۵) پیاس اور بھی بھڑکا دی جھلک دکھا کے
تجھ کو پردہ رخِ روشن سے ہٹانا ہوگا
چاند میں نور نہ تاروں میں چمک باقی ہے
یہ اندھیرا مری دنیا کا مٹانا ہوگا

اے مجھے ہجر کی راتوں میں جگانے والے
جب کبھی نیند جدائی میں نہ آئے گی تجھے
صبح ٹپکے گی تری آنکھ کے آنسوؤں کے
رات سپنے کی جستم بن کے جگائے گی تجھے
کوئی حسرت ہے نہ ارماں ہے نہ امید ہے باقی
بس مرے دل میں محبت کے سوا کچھ بھی نہیں
یہ مقدر کی خرابی یہ زمانے کا ستم
بے وفا تیری عنایت کے سوا کچھ بھی نہیں
(تمام شد)

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

۵۲۰ فلمی گانوں کا وہ لاجواب تحفہ ہے جو ہزاروں فلموں میں سے چن کر تیار کیا گیا ہے جس کا ایک ایک گانا آپ کو تڑپا دیگا۔ اس کتاب کو سینما کے ہر شوقین کو خریدنا چاہئے۔ قیمت دو روپے

فلمستان کی پبلک

ایکٹریسوں اور ایکٹروں اور فلم ڈائرکٹروں کی پرائیوٹ زندگی کے حالات کہ وہ کس طرح فلم میں پہنچے آفتاب فلم بن آسمان پر چمکے اور سارے ملک میں نام پیدا کیا اگر آپ بھی اپنی کامیابی میں چار چاند لگانا چاہتے ہیں تو اس کتاب کو ضرور پڑھیں قیمت ڈھائی روپے

فلمی پرستان

ان ایک سو فلموں کے پورے گانوں کا سیٹ جو ہر شخص نے پسند کی ہیں۔ کتاب مجلد ہے اور ٹائیٹل رنگین ہے۔ قیمت تین روپے صرف!

رتن اینڈ کو دریبہ کلاں دہلی نمبر ۶